Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NAMAZ · BURYING (DAFN)

Recommended Part

مستحبات

Free to read, copy and share

The depth of the grave should be equal to the height of an average person. The corpse should be buried in the nearest graveyard unless a further graveyard is better for some reason; for example, righteous people are buried there, or because people visit there more often to recite Fateha etc. for those buried there. The corpse should be placed on the ground at a short distance from the grave and be taken slowly towards the grave in three stages; and at each stage, the corpse should be placed on the ground and then lifted up; and the fourth time the corpse is put down should be when it is lowered into the grave. If the deceased is male, then on the third time that the corpse is put down, it should be placed on the ground in a way that the head is at the feet end of the grave; and on the fourth time, it should be lowered into the grave head-first. If the deceased is female, then on the third time that the corpse is put down, it should be placed at the side of the grave facing qibla and then lowered into the grave sideways; and a cloth should be held over the grave while it is being lowered into the grave. The corpse should be taken out of the coffin and lowered into the grave gently. The recommended duas should be recited before and during the burial. After the corpse has been placed in a niche in the side of the grave (as is done in some countries), the ties of the kafan should be unfastened, and the face of the corpse should be placed on soil, and an earthen headrest should be formed and placed under its head. Unbaked bricks or clods of earth should be placed behind the back of the corpse so that it does not come to lie flat on its back. Before the niche is covered, a person should hold the right shoulder of the corpse with his right hand, and firmly take its left shoulder with his left hand, and place his mouth near the ear of the corpse, and vigorously shake the corpse, and say three times: ISMA-EE' IF-HAMEE, ISMA-EE' IF-HAMEE, ISMA-EE' IF-HAMEE, YAA FULAA-NABNA FULAA-NIN (take the name of mayyit along with his father's name) and then recite Talqeen.

مستحب ہے کہ متعلقہ اشخاص قبر کو ایک متوسط انسان کے قد کے لگ بھگ کھودیں اور میت کو نزدیک ترین قبرستان میں دفن کریں ما سوا اس کے کہ جو قبرستان دور ہو وہ کسی وجہ سے بہتر ہو مثلاً وہاں نیک لوگ دفن کئے گئے ہوں یا زیادہ لوگ وہاں فاتحہ پڑھنے جاتے ہوں۔ یہ بھی مستحب ہے کہ جنازہ قبر سے چند گز دور زمیں پر رکھ دیں اور تین دفعہ کر کے تھوڑا تھوڑا قبر کے نزدیک لے جائیں اور ہر دفعہ زمیں پر رکھیں اور پھر اٹھا لیں اور چوتھی دفعہ قبر میں اتار دیں اور اگر میت مرد ہو تو تیسری دفعہ زمیں پر اس طرح رکھیں کہ اس کا سر قبر کی نچلی طرف ہو اور چوتھی دفعہ سر کی طرف سے قبر میں داخل کریں اور اگر میت عورت ہو تو تیسری دفعہ اسے قبر کے قبلے کی طرف رکھیں اور پہلو کی طرف سے قبر میں اتار دیں اور قبر میں اتارتے وقت ایک کپڑا قبر کے اوپر تان لیں۔ یہ بھی مستحب ہے کہ جنازہ بڑے آرام کے ساتھ تابوت سے نکالیں اور قبر میں داخل کریں اور وہ دعائیں جنہیں پڑھنے کے لئے کہا گیا ہے دفن کرنے سے پہلے اور دفن کرتے وقت پڑھیں اور میت کو قبر میں رکھنے کے بعد اس کے کفن کی گرہیں کھول دیں اور اس کا رخسار زمین پر رکھ دیں اور اس کے سر کے نیچے مٹی کا تکیہ بنا دیں اور اس کی پیٹھ کے پیچھے کچی اینٹوں یا ڈھیلے رکھ دیں تا کہ میت چت نہ ہو جائے اور اس سے پیشتر کہ قبر بند کریں دایاں ہاتھ میت کے دائیں کندھے پر ماریں اور بایاں ہاتھ زور سے میت کے بائیں کندھے پر رکھیں اور منہ اس کے کان کے قریب لے جائیں اور اسے زور سے حرکت دیں اور تین دفعہ کہیں: (اِسمع اِفھم یا فلان ابن فلان) اور فلان ابن فلان کی جگہ میت کا اور اس کے باپ کا نام لیں۔

Free to read, copy and share

It is recommended that the person who places the corpse in the grave should have wuzu or ghusl, and be bare-headed and bare-footed, and he should climb out of the grave from the feet-side of the corpse. Persons other than the relatives of the deceased should put the soil into the grave with the back of their hands and say: INNAA LILLAAHE WA INNAA ILAIY-HE RAAJE-OON. If the deceased is a woman, someone who is her maheram should lower her in the grave; and if a maheram is not present, her other relatives should do this.

مستحب ہے کہ جو شخص میت کو قبر میں اتارے وہ با طہارت، برہنہ سر اور برہنہ پا ہو اور میت کی پائتی کی طرف سے قبر سے باہر نکلے اور میت کے عزیز اقربا کے علاوہ جو لوگ موجود ہوں وہ ہاتھ کی پشت سے قبر پر مٹی ڈالیں اور (اِنّا للہ واِنّا اِلیہ راجعون) پڑھیں۔ اگر میت عورت ہو تو اس کا محرم اسے قبر میں اتارے اور اگر محرم نہ ہو تو اس کے عزیز و اقربا اسے قبر میں اتاریں۔

It is recommended that the grave should be four sided, and be raised to the height of four fingers from the ground, and that a sign be kept over it so that it is not mistaken, and that water be splashed over it, and that after splashing water over it those who are present should place their hands on the grave, spread their fingers, press them into the soil, and recite the blessed Surah Qadr (https://fzic.org/library/quran/97-qadr-5-1170) seven times, and ask forgiveness for the deceased, and recite this dua...

مستحب ہے کہ قبر مربع یا مستطیل بنائی جائے اور زمین سے تقریبًا چار انگل بلند ہو اور اس پر کوئی (کتبہ یا) نشانی لگا دی جائے تا کہ پہچاننے میں غلطی نہ ہو اور قبر پر پانی چھڑکا جائے اور پانی چھڑکنے کے بعد جو لوگ موجود ہوں وہ اپنی انگلیاں قبر کی مٹی میں گاڑ کر سات دفعہ سورۂ قدر(https://fzic.org/library/quran/97-qadr-5-1170) پڑھیں اور میت کے لئے مغفرت طلب کریں اور یہ دعا پڑھیں۔۔۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

BISMI ALLAAHI AR-RAHMAANI AR-RAHEEM

In the Name of Allah, the most Gracious, the most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

Free to read, copy and share

اَللّٰھُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جَنْبَیْهِ وَاَصْعِدْ اِلَیْكَ رُوْحَهٗ وَلَقِّهٖ مِنْكَ رِضْوَانًا وَّاَسْكِنْ قَبْرَهٗ مِنْ رَّحْمَتِكَ مَا تُغْنِیْهِ بِهٖ عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ۔

ALLAAHUMMA JAAFI AL-ARDA 'AN JANBAYHI WA-AS'ID ILAYKA ROOHAHOO WALAQQIHEE MINKA RIDWAANAN WA-ASKIN QABRAHOO MIN RAHMATIKA MAA TUGHNEEHI BIHEE 'AN RAHMATI MAN SIWAAK.

O Allah! Make the ground spacious for him (her) on both of his (her) sides, and elevate his (her) soul, and direct Your pleasure to him (her), and settle Your mercy in his (her) grave, which will make him (her) needless of the mercy of anyone other than You.

اے اللہ ! اس کی قبر کو کشادہ فرما، اس کی روح کو اپنی طرف بلند فرما، اور اسے اپنی رضا نصیب فرما۔ اور اس کی قبر میں اپنی ایسی رحمت نازل فرما کہ وہ تیرے سوا کسی کی رحمت کا محتاج نہ رہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ۔

ALLAAHUMMA SALLI 'ALAA MUHAMMADIN WA-AALI MUHAMMAD.

O Allah, send blessings upon Muhammad and the Household of Muhammad.

اے معبود ! رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ اور انکی آلؑ پر۔

> It is recommended that after the people who attended the funeral have departed, the guardian of the deceased or the person who has been given permission by the guardian should recite the recommended duas ie. if the deceased is of male then he should recite the Talqeen of Male (https://fzic.org/library/namaz/talqeen-of-male-1866) and if the deceased is of female then he should recite the Talqeen of Female (https://fzic.org/library/namaz/talqeen-of-female-1867).

> مستحب ہے کہ جو لوگ جنازے کی مشایعت کے لئے ہوں ان کے چلے جانے کے بعد میت کا ولی یا وہ شخص جسے ولی اجازت دے میت کو ان دعاؤں کی تلقین کرے کہ اگر میت مرد کی ہو تو مرد کی تلقین (https://fzic.org/library/namaz/talqeen-of-male-1866) پڑھے اور اگر میت عورت کی ہے تو عورت کی تلقین (https://fzic.org/library/namaz/talqeen-of-female-1867) پڑھے۔

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

After burial, it is recommended that the grieving family should be given condolences. However, if after the passing of some time giving condolences would cause them to remember their grief, it is better to avoid it. It is also recommended to send food to the grieving family for three days, and during this time it is disapproved to eat food with them and in their house.

دفن کے بعد مستحب ہے کہ میت کے پس ماندگان کو پرسا دیا جائے لیکن اگر اتنی مدت گزر چکی ہو کہ پرسا دینے سے ان کا دکھ تازہ ہو جائے تو پرسا نہ دینا بہتر ہے یہ بھی مستحب ہے کہ میت کے اہل خانہ کے لئے تین دن تک کھانا بھیجا جائے۔ ان کے پاس بیٹھ کر اور ان کے گھر میں کھانا کھانا مکروہ ہے۔

It is recommended for one to be patient on the death of his near ones, especially on the death of a child; and whenever he remembers the deceased, he should say: INNAA LILLAAHE WA INNAA ILAIY-HE RAAJE-OON. Furthermore, he should recite the Qur'an for the deceased, and at the grave of his father and mother he should pray to Allah for his needs and make the grave solid so that it is not easily ruined.

مستحب ہے کہ انسان عزیز اقربا کی موت پر خصوصًا بیٹے کی موت پر صبر کرے اور جب بھی میت کی یاد آئے (اِنّا للہ واِنّا اِلیہ راجعون) پڑھے اور میت کے لئے قرآن خوانی کرے اور ماں باپ کی قبروں پر جا کر اللہ تعالی سے اپنی حاجتیں طلب کرے اور قبر کو پختہ کر دے تا کہ جلدی ٹوٹ پھوٹ نہ جائے۔

Based on obligatory precaution, it is not permitted for a person to scratch his face and body or to cut his hair in mourning someone. However, it is permitted to slap one's own head and face.

کسی کی موت پر بھی انسان کے لئے احتیاط کی بنا پر جائز نہیں کہ اپنا چہرہ اور بدن زخمی کرے اور اپنے بال نوچے لیکن سر اور چہرے کا پیٹنا بنا بر اقوی جائز ہے۔

Based on obligatory precaution, it is not permitted for one to tear his collar in mourning the death of anyone except his father and brother. And the recommended precaution is that one should not tear his collar even in mourning their death.

باپ اور بھائی کے علاوہ کسی کی موت پر گریبان چاک کرنا احتیاط کی بنا پر جائز نہیں ہے اور احتیاط مستحب یہ ہے کہ باپ اور بھائی کی موت پر بھی گریبان چاک نہ کیا جائے۔

Free to read, copy and share

If a woman scratches her face in mourning a deceased person and makes it bleed, or if she pulls out her hair, then based on recommended precaution she should free one slave, or feed ten poor people (fuqara), or clothe them. The same applies to a man who tears his collar or his clothes in mourning the death of his wife or child.

اگر عورت میت کے سوگ میں اپنا چہرہ زخمی کر کے خون آلود کر لے یا بال نوچے تو احتیاط کی بنا پر وہ ایک غلام کو آزاد کرے یا دس فقیروں کو کھانا کھلائے یا انہیں کپڑے پہنائے اور اگر مرد اپنی بیوی یا فرزند کی موت پر اپنا گریبان یا لباس پھاڑے تو اس کے لئے بھی یہی حکم ہے۔

The recommended precaution is that when crying for a deceased person, one should not raise his voice very much.

احتیاط مستحب یہ ہے کہ میت پر روتے وقت آواز بہت بلند نہ کی جائے۔

Printed from https://fzic.org/library/namaz/recommended-part-3726 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.